# تیمُتھِیُس کے نام پولُس رسُول کادُوسرا خط

۱ میں پولُس جو مسیح یسوع کا رسول *خُدا کی مرضی سے یہ خط
تیمُتھِیُس کو لکھ رہا ہوں مجھے خُدا نے بھیجا ہے کہ زندگی کے
وعدے کے متعلق لوگوں سے کھوں جو مسیح یسوع میں ہے۔
۲ تیمُتھِیُس ! مجھے عزیز بیٹے کی طرح ہے خُدا باپ اور مسیح
یسوع ہمارے خُداوند کی طرف سے فضل رحمت اور سلامتی تُم
پر ہوتی رہے۔

### شکر گزاری اور ہمت افزائی

۳ میں اپنی دعاؤں میں ہمیشہ تُمہیں دن اور رات یاد کرتا ہوں
اور تُمہارے لئے خُدا کا شکر بھی کرتا ہوں اس خُدا کی جس نے
میرے آباواجداد کی خدمت کی تھی میں بھی اس کی خدمت کرتا
ہوں جس کو میں صحیح جانتا ہوں۔ ۴ میرے لئے تُم نے جو آنسو
بہائے ہیں ان کو یاد کر کے میں تُم سے ملنے کو بے چین ہوں تا کہ
مجھے پوری طرح خوشی ملے۔ ۵ میں تُمہارے ایمان کو بھی یاد کیا
ہوں جو پہلے تیری نانی لوئیس اور تیری ماں یُونیکے میں تھا میں
جانتا ہوں کہ وہی ایمان تجھ میں بھی ہے۔ ۶ اس لئے میں چاہتا ہوں
کہ تُم خُدا کے عطا کردہ عطیہ کے متعلق یاد دہی کراؤں جب تجھ پر
میں نے اپنا ہاتھ رکھا تھا اس عطیہ کو استعمال کیا تھا اور اس چھوٹے
شعلے کو آگ کی طرح بڑھایا۔ ۷ خُدا نے جو روح دی ہے وہ ہمیں
ڈرپوک نہیں بناتی بلکہ روح ہمیں طاقت اور محبّت خود کو تربیت
سے بھر دیتی ہے۔
۸ لوگوں کو ہمارے خداوند کے متعلق کہنے میں شرم محسوس
کرنے کی ضرورت نہیں اور میں خُداوند کا قیدی ہوں اس بات کے
لئے بھی شرم مت کرو بلکہ میرے ساتھ خوش خبری کے لئے
تُم بھی مصیبت اٹھاؤ اور خُدا نے ایسا کرنے کی ہمیں طاقت دی
ہے۔ ۹ اُس نے ہمیں بچا کر مقدس لوگوں میں شامل کرنے بلایا
ہے۔ یہ سب کچھ ہمارے کرنے سے نہیں ہوا بلکہ اس کی مرضی اور
اس کے فضل سے ہوا اور یہ فضل ہم کو مسیح یسوع کے پہلے وقت
شروع ہونے سے ملا ہے۔ ۱۰ وہ فضل ہمیں ابتک نہیں بتایا
گیا وہ اس وقت ہمیں بتایا گیا جب ہمارا نجات دہندہ مسیح یسوع
آئے گا موت کا خاتمہ کرنے یسوع نے زندگی کا راستہ دکھایا ہاں
خوش خبری کے ذریعہ۔ یسوع نے زندگی کا جو راستہ بتایا وہ تباہ ہو
نے والا نہیں۔ ۱۱ مجھے بطور رسول مبلغ خوش خبری کا معلم
بھی چنا گیا۔ ۱۲ کیوں کہ خوش خبری کہنے سے میں ان باتوں
کے لئے دُکھ اٹھا رہا ہوں لیکن میں شرمسار نہیں ہوں میں اس
کو جانتا ہوں جس میں میں نے ایمان لایا میرا ایمان ہے کہ وہ ان
چیزوں کو جس دن تک کے لئے مجھے سونپا ہے ان کی حفاظت
کرے گا۔ ۱۳ تُمہیں سچی تعلیمات پر عمل کرنا چاہئے جو تُم نے
مجھ سے سنی ہیں اور جو ایمان اور محبّت مسیح یسوع میں ہے ان
تعلیمات پر عمل کرو جو ایک نمونہ ہیں۔ ۱۴ جو سچائی تجھے عطا
ہوئی ہے ان چیزوں کی مقدس روح کی مدد سے حفاظت
کرنا چاہئے جو مقدس روح ہمارے اندر ہے۔
۱۵ جیسا کہ تو جانتا ہے وہ سبھی آسیہ میں ہیں حتیٰ کہ ان
میں فُوگِلُس اور ہرمگنیس نے بھی مجھے چھوڑ دیا ہے۔ ۱۶ میری دعا
ہے کہ خُداوند اپنی رحمت انیفُرس کے خاندان پر نازل کرے
انیفُرس نے کئی مرتبہ میری مدد کی ہے جب میں قید میں تھا تو

---

**رسُول** یسوع نے اپنے لئے اِن خاص مددگاروں کو چُن لیا ہے۔

بھی وہ میرے لئے شرمایا نہیں۔ ۱۷ اس کے بجائے وہ رومہ
آیا تھا بہت ڈھونڈنے کے بعد وہ مجھ کو پایا۔ ۱۸ میری دعا ہے کہ
خُداوند اپنی رحمت انیفُرس کو دے اس لئے کہ وہ اس دن* کی
خُداوند کی مہربانی کو تلاش کر رہا تھا۔ تُم جانتے ہو کہ اس نے اِفسُس
میں جو ہر طرح سے میری مدد کی ہے جس کی مجھے ضرورت تھی۔

## مسیح یسوع کا وفادار سپاہی

۲ اے تیمُتھِیُس! تُم میرے بیٹے کے مانند ہو مسیح یسوع سے
ملنے والے فضل میں تُمہیں طاقتور ہو جانا چاہئے۔ ۲ جو کچھ
میں نے تُمہیں سکھایا وہ تُم نے سنا دوسرے کئی لوگوں نے بھی
سنا تُم کو وہی چیزوں کی تعلیم دینی ہو گی تُم ان تعلیمات کو کچھ
ایسے لوگوں کو دو جن پر بھروسہ کر سکو تا کہ وہ لوگ بھی دوسروں کو
تعلیم دے سکیں۔ ۳ جو ہمیں تکلیف ہے اس میں ساجھے دار
بنو اور ان مصیبتوں کو مسیح یسوع کے سچّے سپاہی کی طرح قبول
کرو۔ ۴ ایک سپاہی ہے تو وہ اپنے سربراہ کو خوش کرنے کی
کوشش کریگا اس لئے وہ سپاہی اپنے آپ کو روزمرّہ زندگی کے
معمولات میں نہ الجھائے گا۔ ۵ اگر کھلاڑی کسی دوڑ میں شریک ہے
تو وہ اس کھیل میں انعام جیتنے کے لئے جو اصول ہیں اس کو پورا
کرتا ہے۔ ۶ ایک کسان جو سخت محنت کرتا ہے وہ پہلا آدمی ہو گا
جو فصل کے آنے پر خوشی منائے گا۔ ۷ جو باتیں میں کہہ رہا ہوں
ان پر غور کرو خداوند تُمہیں یہ سب چیزوں کو سمجھنے کی صلاحیت
دے گا۔

۸ یسوع مسیح کو یاد کرو وہ داؤد کے خاندان سے ہے اور موت
کے بعد زندگی میں جلایا جائے گا۔ یہی خوش خبری ہے جو میں
لوگوں سے کہتا ہوں۔ ۹ اسی لئے میں مصیبتیں جھیلتا ہوں کیوں
کہ میں خوش خبری کہتا ہوں حتّٰی کہ مجھے زنجیر سے جکڑ دیا جاتا ہے
جیسے کوئی مجرم ہوں لیکن خُدا کے الفاظ کو زنجیروں میں نہیں باندھا
جا سکتا۔ ۱۰ اس لئے میں صبر کرتے ہوئے مصیبتیں جھیلتا ہوں
میں ایسا اس لئے کرتا ہوں تا کہ خُدا کے چنے ہوئے لوگوں کی مدد
کروں میں مصیبتیں اس لئے برداشت کرتا ہوں تا کہ لوگ مسیح یسوع
سے نجات اور کبھی بھی خُتم نہ ہونے والے جلال کو حاصل کر
سکیں۔
۱۱ یہ تعلیمات سچی ہیں:

اگر ہم اس کے ساتھ مر گئے تب ہم بھی اس کے
ساتھ زندہ رہیں گے۔
۱۲ اگر ہم مصیبتیں برداشت کریں گے۔ تب ہم اس
کے ساتھ دور حکومت کریں گے اگر ہم اس کو رد
کریں تو وہ بھی ہمیں رد کر دے گا۔
۱۳ اگر ہم وفادار نہیں ہیں تب بھی وہ وفادار رہے گا کیوں
کہ وہ خود کی فطرت کا مخالف نہیں ہو سکتا۔

## مُسلّمہ کام کرنے والے بنو

۱۴ لوگوں کو ان باتوں کی یاد دہی کراتے رہو اور خُدا کے
سامنے انہیں خبردار کرتے رہو تا کہ وہ لفظوں کی بحث نہ کریں
لفظی تکرار سے کوئی فائدہ نہیں اور جو لوگ سنیں گے وہ تباہ کن
ہوں گے۔ ۱۵ اچھا کرو تُم اپنے آپ کو خُدا کے سامنے پیش کرو
اور اس کی منظوری کو قابل احترام جانو ایسے کام کرنے والے بنو
جو اپنے کام سے نہ شرمائے جیسے کوئی کار گزار صحیح طریقہ سے سچی
تعلیمات کو استعمال کرتا ہے۔ ۱۶ ایسے لوگوں سے دور رہو جو
بے کار کی باتیں کرتے ہیں جو خُدا کی طرف سے نہیں ہوتیں
ایسی باتیں آدمی کو زیادہ سے زیادہ خُدا کا مخالف بناتی ہیں۔ ۱۷
ان کی تعلیمات ایک بیماری کی طرح جسم میں پھیلتی ہیں ہمنیس
اور فلتس اسی قسم کے آدمی ہیں۔ ۱۸ وہ لوگ سچی تعلیمات دے
چکے ہیں وہ کہتے ہیں کہ سب لوگوں کو موت سے اٹھائے جانے
کا واقعہ ہو چکا ہے اور وہ چند لوگوں کے ایمان کو نقصان پہنچا رہے
ہیں۔ ۱۹ لیکن خُدا کی مضبوط بنیاد اسی طرح جاری رہے یہ الفاظ
اس بنیاد پر لکھے ہیں "خُداوند ان لوگوں کو جانتا ہے جن کا اس سے

**دن** اِس دن مسیح آکر تمام لوگوں کا انصاف کرے گا اور اُس کے لوں کو جو اُسکے ساتھ رہتے تھے لے کر جائے گا۔

تعلق ہے“* یہ الفاظ اس بنیاد پر لکھے ہوئے ہیں ”ہر وہ شخص جو
کہتا ہے کہ وہ خُداوند میں ایمان رکھتاہے اسکو برائیوں سے بچنا
چاہیئے“
۲۰ ایک بڑے گھر میں صرف سونے چاندی کی ہی
چیزیں نہیں ہوتیں بلکہ لکڑی اور مٹّی کی چیزیں بھی رہتی ہیں کُچھ
چیزیں خاص موقع پر استعمال ہوتی ہیں اور کُچھ معمولی استعمال
کے لئے۔ ۲۱ اگر کوئی شخص اپنے آپ کو بُرائیوں سے پاک رکھتا
ہے تب اس آدمی کو خاص مقصد کے لئے استعمال کیا جاتا ہے۔ اور
وہ آدمی مُقدّس ہوتا ہے اور مُقدّس ہو کر وہ اپنے آقا کے استعمال
کے لئے ہوگا اور وہ شخص کوئی بھی اچھّے کام کے لئے تیّار رہے گا۔
۲۲ جوانی کی بُری خواہشوں سے اپنے آپ دور رہو۔ ایمان
کے لئے محبّت اور سلامتی کے لئے صحیح اور سخت محنت کرو یہ
چیزیں ان کے ساتھ مل کر کرو جن کے دل پاک اور جنکا ایمان
خُداوند میں ہے۔ ۲۳ بے کار کی احمقانہ بحث تکرار سے دور رہو تُم
جانتے ہو کہ اس قسم کے مباحث جھگڑوں کی طرف بڑھتے ہیں۔
۲۴ خُداوند کے خادم کو جھگڑا نہ کرنا چاہیئے اس کو ہر ایک کے
ساتھ مہربان رہنا چاہیئے خُداوند کے خادم کو ایک اچھا مُعلّم ہونا
چاہیئے اس کو بہت زیادہ صبر سے کام لینا چاہیئے ۔ ۲۵ خُداوند
کے خادم کو چاہیئے کہ ان لوگوں کو جو اس کی بات کے مخالف ہیں
نرمی سے تعلیم دیں ۔ ہو سکتا ہے خُدا ان کے دلوں کو بدل ڈالے
اور اس طرح وہ سچائی کو قبول کر سکیں۔ ۲۶ شیطان ان لوگوں
کو غلام بناتا ہے ۔ اور انکو اس کی مرضی پر چلاتا ہے ہو سکتا ہے وہ
بے وقوف ہونے سے اور شیطان کے پھندے سے بچ کر بھاگ
جائیں۔

### آخری ایام

۳ یاد رکھو کہ آخر زمانہ میں بہ مصیبتوں کا وقت آئے گا۔ ۲
اس دوران لوگ اپنے آپ سے اور دولت سے محبّت کریں
گے ۔ وہ شیخی خور اور مغرور ہوں گے لوگ دوسرے لوگوں کے
خلاف برائی کریں گے والدین کی نافرمانی کریں گے اور شکر گزار
نہیں ہوں گے ۔ وہ خُدا کو چاہنے والے لوگ نہیں ہوں گے ۔ ۳
لوگ فطری محبّت کے بغیر رہیں گے وہ بغیر معاف کرنے والے اور
دوسروں کی بُری باتیں کرنے والے ہوں گے ۔ لوگ اپنے آپ کو
قابو میں نہ رکھیں گے تشدد پسند ہوں گے اور اچھی چیزوں کے
دشمن ہوں گے ۔ ۴ اخیر دنوں میں لوگ اپنے دوستوں سے پلٹ
جائیں گے اور بغیر سوچے بے وقوفی کی حرکتیں کریں گے اور اپنے
آپ پر غرور کریں گے لوگ خُدا سے نہیں اپنی خُوشی سے محبّت
کریں گے ۔ ۵ ایسے لوگ دکھاوے کے لئے خُدا کی خدمت کریں
گے ۔ ان کے طرز زندگی سے معلوم ہوگا کہ وہ خُدا کی خدمت نہیں
کررہے ہیں تیمُتھِیُس! تُمھیں ایسے لوگوں سے دور رہنا چاہیئے۔
۶ ان ہی میں سے کچھ لوگ جو گھروں میں گھس کر ان
چھچھوری عورتوں کو جو گناہ میں ڈوبی ہوتی ہیں اور وہ طرح طرح کی
بُرائیوں کے طرف کھینچتے ہیں ۔ اور وہ ان عورتوں کو اپنے قابو
میں کرلیتے ہیں ۔ ۷ وہ عورتیں نئی تعلیمات سیکھنے کی کوشش کرتی
ہیں لیکن پھر بھی وہ سچائی کو سمجھنے سے قاصر ہیں۔ ۸ ینیس اور
یمبریس کو یاد کرو جو موسیٰ کے مخالفین میں سے تھے یہ لوگ بھی ان
کے ہی جیسے ہیں اور یہ سچائی کے مخالف ہیں اور ان کی عقل بگڑی
ہوئی ہے اور وہ ایمان کے اعتبار سے نا مقبول ہیں۔ ۹ یہ لوگ
اپنی ترقی میں آگے نہیں بڑھیں گے اسی واسطے ان کی نادانی سب
لوگوں پر ظاہر ہو جائیگی جیسا کہ ینیس اور یمبریس کے ساتھ ہوا
تھا۔

### آخری ہدایات

۱۰ لیکن تُم میرے بارے میں سبھی کچھ جانتے ہو جیسے
میری تعلیمات میری طرز زندگی اور میری محبّت ایمان اور صبر
اور کوششوں سے بھی واقف ہو ۔ ۱۱ تُم میرے ستائے جانے
سے اور میری مصیبتوں سے واقف ہو یہ سب واقعات مجھے انطاکیہ
، اکنیم اور لُسترا میں پیش آئے تھے اور تکلیفیں میں نے یہاں اٹھا

---

**خداوند ... تعلق ہے** گنتی ۱۶:۵

ئی تھیں لیکن خُداوند نے مجھے ان تمام تکالیف سے بچا لیا۔ ۱۲
جو شخص بھی خُدا کی مرضی کے مطابق مسیح یسوع میں رہتا ہے ستایا
جائے گا۔ ۱۳ لیکن جو بُرے اور دھوکہ باز ہیں دوسروں کو فریب
دیتے اور فریب کھاتے ہوئے خود بھی دھوکہ میں رہیں گے۔
۱۴ لیکن تو ان تعلیمات پر جو تو نے سیکھی ہیں اور جن کا سچ
ہونے کا یقین تُم کو دلایا گیا تھا ان ہی پر چلتے رہا کرو۔ تُم جانتے ہو
کہ ان باتوں کو تُم نے کس سے سیکھا ہے اور تُم ان پر بھروسہ کر
سکتے ہو۔ ۱۵ اور مقدس تحریروں کو تُم بچپن سے جانتے ہو یہ
تحریریں تُمہیں شعور دیتی ہیں اور یہ سمجھداری مسیح یسوع کے
ایمان کا ذریعہ ہے جو تُم کو نجات کے راستہ تک لیجاتی ہے۔
۱۶ سب تحریریں خُدا کی دی ہوئی ہیں یہ کار آمد ہیں اور ان
تعلیمات سے تُم لوگوں کو بتا سکتے ہو کہ ان کی زندگی میں کیا
برائیاں ہیں یہ ان کی غلطیوں کو درست کرنے میں فائدہ مند ہیں
کہ کس طرح صحیح زندگی میں رہ سکتے ہیں۔ ۱۷ وہ جو خُدا کی خدمت
کرتا ہے ان تحریروں کو استعمال کرتا ہے اور پوری طرح ہر چیز
کے لئے تیار ہوتا ہے اور ساری چیزیں وہ ضروریات کے مطابق ہر
ایک نیک کام سے کرتا ہے۔

۴ خُدا اور یسوع مسیح کے سامنے میں تُمہیں حکم دیتا ہوں
مسیح یسوع ہی سب زندوں اور مُردوں کا فیصلہ کرنے والا
ہے۔ اور اسکے ظہور اور بادشاہی کو یاد دلا کر میں تُمہیں حکم دیتا
ہوں۔ ۲ چنانچہ لوگوں کو خوش خبری دو تُمہیں ہر وقت تیار رہنا
چاہیئے لوگ جب غلطیاں کریں گے تو تُم ان کو درست کرو۔ اور
انہیں ہمت بندھاؤ صبر سے اور ہشیاری کے ساتھ ان تعلیمات سے
آگاہ کرو۔ ۳ وہ وقت آئے گا جب لوگ سچی تعلیمات کو نہیں
سنیں گے لیکن وہ لوگ زیادہ سے زیادہ استاد کو پالیں گے۔ ان کی
خواہش کے مطابق وہ تعلیمات دیں گے جیسا کہ وہ سننا چاہیں گے
۔ ۴ لوگ سچّائی کو سننا پسند کریں گے وہ لوگ جھوٹی تعلیمات کی
کہانیوں پر یقین کریں گے۔ ۵ لیکن تُمہیں ہمیشہ اپنے آپ پر قابو
رکھنا ہوگا جب مصیبتیں آئیں گے تو انہیں برداشت کرو اور انہیں
خوش خبری سنایا کرو ایک خُدا کے خادم کی طرح تُم تمام اپنے کام
کو پورا کرو۔
۶ میری زندگی خُدا کے لئے ہی پیش ہو چکی ہے میرا وقت
آگیا ہے کہ اس زندگی کو چھوڑدوں۔ ۷ میں نے اچھی لڑائی لڑی ہے
میں اپنی دوڑ مکمل کر چکا ہوں میں نے ایمان کی حفاظت کی ہے۔ ۸
اب انعام کا تاج میرا منتظر ہے جو میری نیکی کے لئے مجھے ملے گا
جو میں خُدا کے ساتھ سیدھا تھا خُداوند ایک راستباز منصف ہے وہ
تاج مجھے اس دن دے گا صرف مجھے ہی نہیں بلکہ ان سب لوگوں کو
بھی ملے گا جو اس سے محبّت کرتے ہیں اور آئندہ کے لئے اسکی آمد
کے منتظر ہیں۔

## شخصی کلام

۹ مجھ سے ملنے کے لئے جتنا جلد ہو سکے کوشش کرو۔ ۱۰
دیماس بہت زیادہ دنیا کی محبّت میں پڑ گیا ہے اسلئے اس نے مجھے
چھوڑ دیا ہے وہ تھسلنیکے چلا گیا ہے کریسکینس گلتیہ کو چلا گیا ہے
اور طِطُس دلمتیہ کو چلا گیا ہے۔ ۱۱ صرف لوقا ہی ابتک میرے
ساتھ ہے جب تُم آؤ تو اپنے ساتھ مرقس کو بھی ساتھ لے آنا وہ
یہاں میرے کام میں میری مدد کرے گا۔ ۱۲ میں نے، تخکُس
کو اِفُس بھیج دیا ہے۔
۱۳ جب میں تراوس میں تھا تو اپنا چوغہ وہاں کرپُس کے ہاں
چھوڑا تھا جب تُم آؤ تو وہ بھی ساتھ لاؤ اور میری کتابیں بھی لے آؤ یہ
کتابیں چمڑے پر لکھی ہوُئی ہیں جو میرے لئے بہت ضروری
ہیں۔
۱۴ سکندر ٹھٹیرے نے مجھ سے بہت برائیاں کی ہیں۔
خُداوند سے اسکے کاموں کے موافق بدلہ دے گا۔ ۱۵ تُم بھی اس
سے ہشیار رہنا کہ کہیں وہ تُمہیں بھی نقصان نہ پہونچائے اس نے
ہماری تعلیمات کے خلاف سختی سے لڑائی لڑی ہے۔
۱۶ پہلی مرتبہ عدالت میں میں نے اپنا دفاع کیا تب وہاں
کسی نے میری مدد نہیں کی اور ہر ایک نے مجھے چھوڑ دیا میں دعا

کرتاہوں خُدا انہیں اس کے لئے معاف کردے - ۱۷ لیکن خُداوند
میرے ساتھ تھا اور اس نے مُجھے غیر یہودیوں کو پوری طرح خوش
خبری دینے کی طاقت دی - تاکہ سب غیر یہودی سن سکیں شیر
کے منہ سے مجھے بچالیا گیا-
۱۸ جب کوئی شخص مجھے نقصان پہونچانے کی کوشش کرے
گا تو خُداوند مجھے بچائے گا خُداوند مجھے حفاظت سے اسکی آسمانی
بادشاہت میں لے آئے گا ہمیشہ ہمیشہ کا جلال خُداوند کے لئے
ہے-

**خط کا آخری حصّہ**

۱۹ پرسکہ اور اکولہ سے اور اُنیفُرس کے خاندان سے سلام کہنا
- ۲۰ اِراستُس کُرنتھُس میں ٹھرا ہے اور میں نے تِرفُمس کو
اس کی بیماری کی وجہ سے مملیتُس میں چھوڑ دیا ہے - ۲۱ جتنا
جلد ہوسکے کوشش کرکے جاڑوں سے پہلے میرے پاس آو-
یوبُولُس تُمہیں سلام کہتا ہے پُودینس ، لینس ، کُلودیہ اور
سب مسیحی بھائی اور بہنیں بھی تُمہیں سلام کہتے ہیں- ۲۲ خُداوند
تُمہارے ساتھ رہے تُم سب پر خُدا کا فضل ہوتا رہے-

# License Agreement for Bible Texts

***World Bible Translation Center***
***Last Updated: September 21, 2006***

Copyright © 2006 by World Bible Translation Center
All rights reserved.

**These Scriptures:**

- Are copyrighted by World Bible Translation Center.
- Are not public domain.
- May not be altered or modified in any form.
- May not be sold or offered for sale in any form.
- May not be used for commercial purposes (including, but not limited to, use in advertising or Web banners used for the purpose of selling online add space).
- May be distributed without modification in electronic form for non-commercial use. However, they may not be hosted on any kind of server (including a Web or ftp server) without written permission. A copy of this license (without modification) must also be included.
- May be quoted for any purpose, up to 1,000 verses, without written permission. However, the extent of quotation must not comprise a complete book nor should it amount to more than 50% of the work in which it is quoted. A copyright notice must appear on the title or copyright page using this pattern: "Taken from the HOLY BIBLE: EASY-TO-READ VERSION™ © 2006 by World Bible Translation Center, Inc. and used by permission." If the text quoted is from one of WBTC's non-English versions, the printed title of the actual text quoted will be substituted for "HOLY BIBLE: EASY-TO-READ VERSION™." The copyright notice must appear in English or be translated into another language. When quotations from WBTC's text are used in non-saleable media, such as church bulletins, orders of service, posters, transparencies or similar media, a complete copyright notice is not required, but the initials of the version (such as "ERV" for the Easy-to-Read Version™ in English) must appear at the end of each quotation.

Any use of these Scriptures other than those listed above is prohibited. For additional rights and permission for usage, such as the use of WBTC's text on a Web site, or for clarification of any of the above, please contact World Bible Translation Center in writing or by email at distribution@wbtc.com.

World Bible Translation Center
P.O. Box 820648
Fort Worth, Texas 76182, USA
Telephone: 1-817-595-1664
Toll-Free in US: 1-888-54-BIBLE
E-mail: info@wbtc.com

**WBTC's web site –** World Bible Translation Center's web site: http://www.wbtc.org

**Order online –** To order a copy of our texts online, go to: http://www.wbtc.org

**Current license agreement –** *This license is subject to change without notice. The current license can be found at:* http://www.wbtc.org/downloads/biblelicense.htm

**Trouble viewing this file –** If the text in this document does not display correctly, use Adobe Acrobat Reader 5.0 or higher. Download Adobe Acrobat Reader from: http://www.adobe.com/products/acrobat/readstep2.html

**Viewing Chinese or Korean PDFs –** To view the Chinese or Korean PDFs, it may be necessary to download the Chinese Simplified or Korean font pack from Adobe. Download the font packs from: http://www.adobe.com/products/acrobat/acrrasianfontpack.html